میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤنگا

(الہام حضرت مسیح موعود علیہ السلام)

ماہنامہ تحریک جدید ربوہ

رجب ۱۳۹۱ ہجری قمری

تبوک ۱۳۵۰ ہجری شمسی

ستمبر ۱۹۷۱ عیسوی

ایڈیٹر

نسیم سیفی

❁❁❁

مکرم چوھدری عبداللطیف صاحب
جو ایک طویل عرصہ تک احمدیہ مشن
مغربی جرمنی کے انچارج رہے ھیں - حال ھی
میں آپ چند روز کیلئے پاکستان تشریف لائے تھے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Chaudhri Abdul Latif, formerly Missionary Incharge, Ahmadiyya Mission, West Germany. He recently visited Pakistan.

★

مکرم محترم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب
مکرم چوھدری عبداللطیف صاحب کو جرمنی
سے واپسی پر خوش آمدید کہہ رہے ھیں

Sahibzada Mirza Mubarak Ahmad receiving Ch : Abdul Latif at the premises of Tahrik-i-Jadid.

★

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Mr. Nazir Ahmad Sajid (left) who has taken over from Sayed Daud Ahmad as Principal of the Kulliyatut-Tib, Rabwah.

مکرم نذیر احمد صاحب ساجد (بائیں طرف)

جو مکرم سید داؤد احمد صاحب کی جگہ

کلیۃ الطب کے پرنسپل

مقرر ہوئے ہیں۔



Some members of the Ahmadiyya Jamaat, Tanzania with Maulana Abdur Rashid Razi (who is seen sitting in the centre)

مکرم مولینا

عبدالرشید صاحب رازی

تنزانیہ کی جماعت کے

بعض افراد کے ساتھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا"

(الہام حضرت مسیح موعود علیہ السلام)

ماہنامہ تحریکِ جدید ربوہ

تبوک ۱۳۵۰ھ

(ستمبر ۱۹۷۱ء)

○

ایڈیٹر:-

نسیم سیفی

سالانہ چندہ ۲ روپے ۔ فی پرچہ ۲۰ پیسے

● خط و کتابت کرتے وقت اپنا خریداری نمبر ضرور تحریر فرمایا کریں۔

● پرچہ نہ ملنے کی اطلاع ہر ماہ کی ۲۰ تاریخ تک بھجوانے سے پرچہ دوبارہ بھیجا جا سکتا ہے۔

● چندہ اپنی جماعت میں دیگر چندوں کے ساتھ ادا کیا جا سکتا ہے البتہ ہمیں اطلاع ضرور دیں کہ ادائیگی کر دی گئی ہے۔

● جملہ خط و کتابت بنام مینیجنگ ایڈیٹر ہونی چاہیئے۔

ترتیب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

● ہمارا طریقِ کار	(اداریہ)	صـ۲
● اقتباس - ایک شعر		۴
● کاروانِ اسلام		۵
● ایک مطالبہ		۱۱
● وقت کی پکار		۱۲
● گدازِ دل		۱۳
● سکوتِ مسلسل		۱۴
● تنزانیہ		۱۵
● اشتہارات		۱۷

پبلشر:- عبداللطیف خان

مطبع:- ضیاء الاسلام پریس ربوہ

مقامِ اشاعت:- دفتر ماہنامہ تحریکِ جدید

دفاتر تحریکِ جدید انجمن احمدیہ پاکستان۔ ربوہ

تاریخ اشاعت:- ہر ماہ کی پانچ تاریخ

کتابت:- حمید الدین

آپ کا چندہ کب ختم ہوتا ہے؟ یہ بات آپ کے رسالہ کے ریپر پہ درج ہوتی ہے۔ اگر آپ کا چندہ ختم ہو چکا ہے تو جلد ادا فرمائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جلد ۷ | ماہنامہ تحریک جدید ربوہ | شمارہ ۹

تبوک ۱۳۵۰ھ

ستمبر ۱۹۷۱ء

ادارتیہ

ہمارا طریق کار

ہمارا کام تبلیغِ اسلام ہے لیکن تبلیغِ اسلام کا یہ ہرگز مطلب نہیں کہ صرف چند دلائل یاد کر لئے جائیں اور انہیں ہر جگہ مناسب و غیر مناسب مواقع پر دُہرا دیا جائے اور یہ سمجھ لیا جائے کہ ہم نے تو اپنا کام کر لیا ہے اثر لینا یا نہ لینا دوسرے کا کام ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جس طرح اسلام زندگی کے ہر شعبہ پر حاوی ہے اور ہمارا نہ کوئی لمحہ اور نہ کوئی قدم اس سے بے نیاز ہو کر فلاح پا سکتا ہے اسی طرح تبلیغِ اسلام بھی صرف عقلی اور نقلی دلائل پر ہی حصر نہیں ہو سکتی۔ جب تک اسلام کی ہر خوبی کو اپنے اندر پیدا نہ کیا جائے اور اس کے ابلاغ کی قولی اور فعلی کوشش نہ کی جائے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ تبلیغ کا فریضہ سرانجام دے لیا گیا ہے۔

ایک مبلّغِ اسلام کو بیرونِ ملک تبلیغِ اسلام کا فریضہ ادا کرنے کے لئے جاتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے جن زرّیں ہدایات سے نوازا تھا وہ ہم قارئین کے افادہ کے لئے درجِ ذیل کرتے ہیں۔ ہمیں اُمّید ہے کہ ہم میں سے ہر شخص عموماً اور مبلّغینِ کرام خصوصاً ان ہدایات کو ہمیشہ زیرِ نظر رکھیں گے۔ حضور رضی اللہ عنہ نے فرمایا:-

"آپ کو اللہ تعالیٰ پر توکّل رکھنا چاہیئے جس سے سب نصرت آتی ہے۔ اور قرآن کا مطالعہ اور اسکے مضامین پر غور و مداومت اختیار کرنی چاہیئے۔ اسی طرح کُتبِ سلسلہ اور اخباراتِ سلسلہ کا مطالعہ کرتے رہنا چاہیئے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

• باہر جانے والوں کو اپنا کام دکھانے کے لئے بعض دفعہ تصنّع کی طرف رغبت ہو جاتی ہے اس سے بچنا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی ہمیشہ مدِّ نظر رہے۔

• نیک عمل نیک قول سے بہتر ہے اور عملی تبلیغ قولی تبلیغ سے بہتر ہے۔ اور نیک ارادہ ان دونوں اُمور میں انسان کا ممد ہوتا ہے۔

• نماز کی پابندی اور جہاں تک ہو سکے باجماعت اور تہجّد جب بھی میسّر ہو انسان کے ایمان اور اس کے عمل کو مضبوط اور قوی کرتے ہیں۔

• اللہ نور السّمٰوٰت والارض ہے پس محبّتِ الٰہی کو سب کامیابیوں کی کلید سمجھنا چاہیئے جو خدا تعالیٰ والہانہ محبّت رکھتا ہے وہ کبھی ہلاک نہیں ہوتا مگر خیالی محبّت نفع نہیں دیتی محبّت وہی ہے جو دل کو پکڑ لے۔

• اسلام کے لئے ترقی مقدّر ہے اگر اس میں ہم کامیاب نہیں ہوتے تو یہ ہمارا قصور ہے۔ یہ کہنا کہ یہاں کے لوگ ایسے ہیں اور ویسے ہیں صرف نفس کا دھوکا ہوتا ہے۔

• تبلیغ میں سادگی ہو۔ اسلام ایک سادہ مذہب ہے خواہ مخواہ فلسفوں میں نہیں اُلجھنا چاہیئے۔

• ضروری نہیں کہ جو ہنسے حق پر ہو۔ یا عقلمند ہو۔ بہت باتیں جن پر پہلے ہنسا جاتا ہے بعد میں سُننے والوں کے دل کو مسخّر کر لیتی ہیں پس جدید علوم کے ماہروں کے تمسخر پر گھبرانا نہیں چاہیئے اور نہ ہر بات کو اِس لئے ردّ کر دینا چاہیئے کہ ہمارے آباء نے ایسا نہیں دیکھا سچائی کے ضامن آباء نہیں قرآن کریم ہے پس ہر بات کو قرآن کریم پر عرض کرنا چاہیئے۔

• دعا ایک ہتھیار ہے جس سے غافل نہیں رہنا چاہیئے۔ سپاہی بغیر ہتھیار کے کامیاب نہیں ہو سکتا۔

• غریبوں کی خدمت اور رفاہِ عام کے کاموں کی طرف توجہ مومن کے فرائض میں داخل ہے۔

• مبلّغ سلسلہ کا نمائندہ ہے اِس لئے اِس ملک کے سب حالات سے سلسلہ کو واقف رکھنا چاہیئے خواہ تمدّنی ہوں علمی ہوں سیاسی ہوں مذہبی ہوں۔

• جس مُلک میں جائے وہاں کے حالات کا گہرا مطالعہ کرے اور لوگوں کے اخلاق اور طبائع سے واقفیّت بہم پہنچائے۔ یہ تبلیغ میں کامیابی کے لئے ضروری ہے۔

• رپورٹ باقاعدہ بھجوانا خود کام کا حصّہ ہے جو شخص اس میں سُستی کرتا ہے وہ درحقیقت کام ہی نہیں کر سکتا۔

• نظام کی پابندی اور احکام کی فرمانبرداری اور خطاب میں آداب اسلام کا حصّہ ہے اور ان کو بھولنا

(باقی صـ۱۱ پر)

اقتباس

نجات

حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:۔

"بعض لوگ احمدیت کے متعلق اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ احمدیہ عقیدہ کی رُو سے احمدیوں کے سوا باقی تمام لوگ جہنّمی ہیں یہ بھی محض ناواقفیت یا دشمنی کا نتیجہ ہے۔ ہمارا ہرگز یہ عقیدہ نہیں کہ احمدیوں کے سوا باقی تمام لوگ جہنّمی ہیں۔ ہمارے نزدیک یہ ہو سکتا ہے کہ کوئی احمدی ہو لیکن وہ جہنّمی ہو جائے جس طرح یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی احمدی نہ ہو اور وہ جنّت میں چلا جائے کیونکہ جنّت صرف مُنہ کے اقرار کا نتیجہ نہیں جنّت بہت سی ذمّہ داریوں کو پُورا کرنے کے نتیجہ میں ملتی ہے۔ اسی طرح دوزخ صرف مُنہ کے انکار کا نتیجہ نہیں بلکہ دوزخ کا شکار بننے کے لئے بہت سی شرطیں ہیں۔ کوئی انسان دوزخ میں نہیں جا سکتا جب تک اس پر حجّت تمام نہ ہو۔ خواہ وہ بڑی سے بڑی صداقت ہی کا مُنکر کیوں نہ ہو۔ خود رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ بچپن میں مرجانے والے یا بلند پہاڑوں میں رہنے والے یا جنگلوں میں رہنے والے یا اتنے بڈھے جن کی سمجھ ماری گئی ہو یا پاگل جو عقل سے کورے ہوں ان لوگوں سے مؤاخذہ نہیں ہوگا بلکہ خدا تعالےٰ قیامت کے دن ان لوگوں کی طرف دوبارہ نبی مبعوث فرمائے گا اور ان کو سچ اور جھوٹ کے پہچاننے کا موقعہ دیا جائے گا تب جس پر حجّت تمام ہو گی وہ دوزخ میں جائیگا[ص]

ایک شعر

فلک قریبِ زمیں شد ز بارشِ برکات
کجاست طالبِ حق تا یقیں فزا باشد

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اللہ تعالیٰ کے مامور دُنیا میں جس سب سے بڑی غرض کے لئے بھیجے جاتے ہیں وہ یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے خالق سے دُور افتادہ دنیا کو پھر آستانۂ الوہیت پر لے آئیں۔ اس مقصد کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھ پر نشان دکھاتا ہے تاکہ لوگوں کو اس بات کا یقین آئے کہ یہ شخص مامور من اللہ ہے اور یہ شخص سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرنے کے لئے بھیجا گیا ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اس شعر میں اسی بات کی طرف توجہ دلائی ہے۔ اور لوگوں کو ان نشانات اور برکات پر غور کرنے کے لئے کہا ہے جو حضور علیہ السلام کی آمد کی وجہ سے بارش کی طرح برسنے لگے ہیں۔ خدا تعالےٰ کی طرف سے ہونے اور اس کی غیبی مدد کا مرکز بن جانے کی ایک یہ بھی (بلکہ سب سے بڑی) دلیل ہوتی ہے کہ آسمانی نشانات کا ظہور ہونے لگتا ہے۔

آئیے ہم ان نشانات پر غور کر کے اپنے یقین میں اضافہ کریں اور اَوروں کو اس یقین کی طرف آنے کی دعوت دیں ٭

[ص] اور جو ہدایت قبول کرے گا وہ جنّت میں جائے گا۔ پس یہ غلط ہے کہ احمدیوں کے نزدیک ہر وہ شخص جو احمدیت میں داخل نہیں ہوتا دوزخی ہے ٭

کاروانِ اسلام

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مکرم قریشی محمد اسلم صاحب مبلّغ انچارج ماریشس نے مئی ۱۹۷۱ء کی کارکردگی کی رپورٹ ارسال فرمائی ہے۔ قارئین اِس سے اندازہ لگا سکیں گے کہ بیرونی ممالک میں اب خدا کے فضل سے مقامی دوست مبلّغین کے دوش بدوش کام کر کے فریضۂ تبلیغِ اسلام کما حقّہٗ ادا کرنے کی سعی میں مصروف ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ جماعتیں مضبوط بنیادوں پر قائم ہی اس وقت ہوتی ہیں جب مقامی دوست جماعت کے کام کے ہر شعبہ میں پوری پوری دلچسپی لینے لگیں اور دلجمعی کے ساتھ قربانیاں کرتے ہوئے کام کو آگے بڑھانے کی کوشش کریں۔ (ایڈیٹر)

۱

تعمیر مسجد احمدیہ تریولے

مسجد احمدیہ تریولے کی تعمیر کے سلسلہ میں خاکسار عرض کرتا ہے کہ مورخہ ۲ مئی کو ایک عظیم الشان وقارِ عمل کے ذریعہ سے مسجد کا لنٹل ڈالا گیا اور مورخہ ۲۳ مئی کو تین ہفتہ کے بعد وقارِ عمل کے ذریعہ سے ہی قالب کھولا گیا۔ بفضل اللہ تعالیٰ دو ہزار دو سَو مربع فٹ رقبہ کی کشادہ مسجد کا ہال تیار ہو چکا ہے اور اب اِس اتوار سے اس کی دیواروں وغیرہ کی تعمیر کا کام شروع ہو رہا ہے۔ دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ مقامی احباب ماریشس کے اخلاص اور قربانی کو قبول فرمائے اور انہیں اس کی تکمیل کی بھی توفیق عطا فرمائے۔ یہ منصوبہ بفضلہٖ جماعت کے حوصلہ اور جذبۂ قربانی و اخلاص کو بڑھانے کا موجب بنا ہے۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔

جلسہ سیرۃ النبیؐ لجنہ اماء اللہ ماریشس

مورخہ ۸ مئی کو لجنہ اماء اللہ ماریشس کا سالانہ سیرۃ النبیؐ کا جلسہ دارالسلام میں منعقد ہوا۔ مستورات نے تمام جماعتوں سے روزہل تشریف لا کر شرکت کی۔

مقررین میں علاوہ احمدی مستورات کے غیر مسلم عیسائی اور ہندو عورتوں نے بھی حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی پر تقریریں کیں۔ ان میں ایک جرنلسٹ خاتون بھی شامل تھیں۔ بفضلہٖ جلسہ ہر طرح سے کامیاب رہا۔

جماعتہائے احمدیہ ماریشس کے جلسہ ہائے سیرۃ النبیؐ کا انعقاد

ماہ مئی کی مختلف تاریخوں میں جملہ جماعتوں میں سیرۃ النبی صلے اللہ علیہ وسلم کے جلسے منعقد کرنے کا پروگرام مرتّب کیا گیا تھا اور اس کا اعلان اپریل کے جماعتی اخبار Le Message میں کر دیا گیا تھا۔ چنانچہ اس پروگرام کے مطابق سب سے پہلے جماعتِ احمدیہ روز ہل کا جلسہ سیرۃ النبیؐ مورخہ ۱۰ مئی کو بروز سوموار شام ساڑھے چار بجے دارالسلام ہال میں منعقد ہوا۔ خاکسار اور برادرم مکرم صدیق احمد صاحب منوّر کے علاوہ ایک ہندو اہلِ علم دوست جناب جے نرائن رائے ایم۔اے۔ ایل ایل۔بی سابق ایم۔ایل۔اے نے بھی تقریر کی اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ صدارتی تقریر مکرم احمد یداللہ بھنو صاحب نے کی۔ عین دوران جلسہ میں برادرم رشید حسین صاحب بی۔ایس سی۔ ایم ایڈ بذریعہ بی۔او۔اے۔سی پاکستان سے ماریشس تشریف لائے اور مشن ہاؤس پہنچے۔ اس موقعہ پر انہوں نے بھی حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا پیغام احباب تک پہنچایا کہ جب میں ماریشس آؤں تو وہاں احمدیوں کی کثرت ہونی چاہیئے اور اس کے لئے سب کو کام کام اور کام کرنا چاہیئے۔ اس پیغام سے احباب میں بڑی خوشی اور جوش پیدا ہوا اور جلسے کا ماحول نہایت خوشگوار ہو گیا اختتام جلسہ پر دعا کے بعد حاضرین کی مشروبات و ماکولات سے تواضع کی گئی۔ اسی کے بعد احباب مغرب اور عشاء کی نمازیں اکٹھی پڑھنے کے بعد گھروں کو تشریف لے گئے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مورخہ ۱۴ مئی کو جماعتِ احمدیہ فنکس کا جلسہ سیرۃ النبیؐ منعقد ہوا جس میں خاکسار کے علاوہ دو ہندو تعلیمیافتہ نوجوانوں مسٹر آنند للّو بی۔ اے اور مسٹر اے اپادو نے اسلام اور حضور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے حالات پر روشنی ڈالی۔ مسٹر للّو اسلام کا گہری نظر سے مطالعہ کر رہے ہیں اور اسلامی تعلیمات اور تاریخی کردار سے خاصے متاثر ہیں۔

مورخہ ۱۵ مئی کو بعد نماز عشاء جماعتِ احمدیہ پائی (پورٹ لوئس) کا جلسہ منعقد ہوا جس میں خاکسار بھی شامل ہوا۔ میرے علاوہ ایک ہندو نوجوان اسی طرح مکرم عبدالستار صاحب سوکیہ اور مکرم شمشیر سوکیہ صاحب نے بھی تقاریر کیں۔ بعض غیر از جماعت اور غیر مسلم دوست بھی شریک ہوئے۔

مورخہ ۱۷ مئی کو بعد نماز عشاء جماعتِ احمدیہ سینپئر کا جلسہ سیرۃ النبیؐ منعقد ہوا۔ خاکسار، مکرم احمد یداللہ بھنو صاحب، عزیزم مکرم سعید قدیر صاحب اور ایک مقامی پنڈت صاحب نے تقاریر کیں۔ متعدد غیر از جماعت اور ہندو نوجوان دوست شامل ہوئے۔

مورخہ ۲۱ مئی کو جماعتِ احمدیہ تریولے کا جلسہ

سیرۃ النبیؐ منعقد ہوا۔ خاکسار اور برادرم صدیق صاحب شامل ہوئے۔ مقامی دوستوں نے بھی تقاریر کیں۔ رات ۹½ بجے تک جلسہ جاری رہا۔ یہاں کی مسجد تو زیرِ تعمیر ہے اس لئے صدر صاحب جماعت کے گھر میں ہی یہ تقریب منعقد ہوئی۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مورخہ ۲۲ مئی کو جماعتِ احمدیہ مونتائیں بالائش کا جلسہ سیرۃ النبیؐ بعد نماز عشاء منعقد ہوا۔ خاکسار اور برادرم صدیق صاحب شامل ہوئے اور رات ۱۰½ بجے واپس لوٹے۔

الغرض گزشتہ ماہ جملہ جماعتہائے احمدیہ مارشیں نے سیرۃ النبیؐ کے جلسے منعقد کئے اور اپنے دوستوں کی تربیت اور دوسروں کے لئے تبلیغ کا موقعہ پیدا ہوا۔ فالحمد للہ علیٰ ذٰلک۔

خطباتِ جمعہ

اِس ماہ خاکسار نے ۴ خطباتِ جمعہ دارالسلام روزہل میں پڑھے جن میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطبات وارشادات الفضل سے پڑھ کر سنائے اور سمجھائے جاتے رہے۔ علاوہ ازیں مقامی ضروریات وحالات کے لحاظ سے احباب کو ضروری امور کی طرف توجہ دلائی جاتی رہی برادرم صدیق صاحب مختلف جماعتوں میں جمعہ پڑھاتے رہے۔

نمائش قرآن کریم

۲۹۔۳۰ مئی کو (Pitton) پیٹون سوشل سنٹر میں قرآن کریم کی نمائش منعقد کی گئی جس میں مکرم صدیق صاحب، مکرم شمشیر سوکیہ صاحب اور لوکل مبلغ شامل ہوئے بفضلہ تبلیغ کا عمدہ موقعہ ملا۔ دیگر کئی سوشل سنٹرز سے بھی منظوری آچکی ہے۔

پاکستان ہائی کمشنر کے اعزاز میں استقبالیہ میں شرکت

۱۸ مئی کو پاکستان مارشیس کلچرل ایسوسی ایشن کے زیرِ اہتمام روزہل میں ایک استقبالیہ دعوت پاکستان ہائی کمشنر جناب امان اللہ خان کے اعزاز میں دی گئی۔ خاکسار مکرم صدیق صاحب اور برادرم رشید حسین صاحب کے ہمراہ اس میں شامل ہوا۔ رشید صاحب کا تعارف ہائی کمشنر صاحب سے کروایا گیا۔ مزید کئی دوستوں سے بھی ملاقات کا موقعہ ملا۔

جماعتِ احمدیہ فنکس کا ماہانہ جلسہ

جماعتِ احمدیہ فنکس کا ماہانہ جلسہ مورخہ ۳ مئی کو منعقد ہوا۔ خاکسار اور صدیق صاحب نے شرکت کی اور احبابِ جماعت کو جماعتی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی۔

جماعت احمدیہ کاچی بلیئر کا تربیتی اور تبلیغی جلسہ

مورخہ ۳۱ مئی کو ہماری اس نئی جماعت کا پہلا تبلیغی اور تربیتی جلسہ منعقد ہوا۔ ہمارے نو احمدی دوست ابراہیم صاحب نے دیگر جماعتوں کے احباب کو بھی شمولیت کی دعوت دی تھی جس کے لئے انہوں نے ۵۰ آدمیوں کا کھانا بھی تیار کیا۔ بفضلہ تین جماعتوں کے مقررہ احباب

تشریف لائے۔ مغرب و عشاء کی نمازوں کے بعد جلسہ ہوا جس میں اجرائے نبوّت اور ضرورت نبوّت پر مکرم صدیق صاحب نے اور صداقت و سیرت حضرت مسیح موعودؑ پر خاکسار نے تقریریں کیں۔ یہ جلسہ ساڑھے نو بجے رات تک جاری رہا بفضلہٖ تربیتی اور تبلیغی لحاظ سے بہت مفید ثابت ہوا اور ہمارے نو احمدی احباب بہت خوش ہوئے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں زیادہ سے زیادہ استقامت عطا فرمائے۔ آمین۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

برمنگھام سوشل سنٹر کی مذہبی تقریب میں شرکت

۲۸ مئی کو اس سوشل سنٹر کے پریذیڈنٹ کی دعوت پر ہم سوشل ویلفیئر Month کے سلسلہ میں منعقد ہونے والے جلسہ میں شرکت کے لئے گئے۔ خاکسار برادرم صدیق صاحب، برادرم رشید صاحب اور ایک مقامی مبلّغ دوست کو بھی ہمراہ لے گیا تھا۔ ہمارے مقامی مبلّغ صاحب خاکسار اور ایک پنڈت صاحب نے مذہب کی افادیت پر تقریریں کیں اور لوگوں کو مذہب کو اپنی عملی زندگی میں داخل کرنے کی تلقین کی۔ اگلے روز اخبار میں اس تقریب کا فوٹو بھی نمایاں طور پر شائع ہوا۔ اس سوشل سنٹر نے جماعتِ احمدیہ کی تقلید میں یومِ پیشوایانِ مذاہب کے رنگ میں یہ تقریب منعقد کی تھی۔

تعلیم الاسلام کالج

احمدیہ کالج روزہل میں بفضلہٖ برادرم رشید حسین صاحب کی آمد کے نتیجہ میں بہت خوشگوار اثر پڑا ہے کالج کے معیارِ تعلیم اور نظم و نسق میں عمدگی و باقاعدگی آئی ہے۔ خاکسار نے ان کے پہنچتے ہی وزارتِ تعلیم میں بطور استاد ان کی رجسٹری کے لئے تمام ضروری انتظامات کئے۔ موصوف کو وزارتِ تعلیم میں لے جا کر متعارف کرایا چنانچہ موصوف کو پڑھانے کا لائسنس مل چکا ہے اور پرنسپل کے لئے بھی عنقریب ان کی منظوری مل جائے گی افسرانِ تعلیم نے اُن کی آمد پر بڑی خوشی کا اظہار کیا ہے اور ہر طرح کے تعاون کا یقین دلایا ہے۔ ہماری کیمسٹری کی لیبارٹری تو پہلے ہی منظور شدہ ہے اب اِس ماہ بیالوجی کی لیبارٹری بھی منظور ہو گئی ہے۔ اِس سال نومبر میں سینئر کیمرج کے امتحان میں شامل ہونے کے لئے بفضلہٖ ۱۸ طلباء کا داخلہ بھیجا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ نتیجہ عمدہ نکلے تا سکول کی نیک شہرت میں اضافہ ہو۔ فی الحال ہمارے طلباء کی تعداد یکصد ہے اور مالی مشکلات بھی ہیں۔ امید ہے طلباء کی زیادتی پر مالی مشکلات کم ہو جائیں گی۔ اس کے لئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

استقبالیہ تقاریب

مکرم مولانا شمشیر سوکیہ صاحب اور برادرم رشید صاحب کی آمد پر متعدد جماعتوں نے اور خدام و اطفال کی مجالس نے استقبالیہ تقاریب منعقد کیں اور انہیں خوش آمدید کہا۔ چنانچہ جماعت فنکس، پائی، تریلوے، سونتائیں بلانش اور خدام و اطفال روزہل یہ تقاریب منعقد کر چکے ہیں اور اپنے محبّت اور عقیدت کے جذبات کا اظہار کر چکے ہیں۔ فجزاھم اللہ احسن الجزاء۔

بالآخر آنمکرم کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم عاجز بندوں کو اپنے دینِ متین اور سلسلہ حقہ کی خدمات کی وافر توفیق عطا فرماتا چلا جائے آمین۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

۲

مکرم سیکرٹری صاحب مجلس نصرت جہاں نے مغربی افریقہ میں نئی ڈسپنسریوں اور سکولوں کے متعلق مندرجہ ذیل رپورٹ اشاعت کے لئے بھجوائی ہے:۔

● گیمبیا میں تیسرے ڈاکٹر محمد حفیظ خان صاحب بھی معہ اہلیہ صاحبہ ۴ اگست کو پہنچ چکے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب ایم۔ بی بی۔ ایس کے علاوہ آنکھوں کی سرجری کا کام بھی جانتے ہیں۔ الحمد للہ کہ وعدہ کے مطابق باتھرسٹ کے سپیشلسٹ سنٹر کے لئے ایک سال کے اندر تین ڈاکٹر وہاں پہنچ گئے ہیں اور ڈینٹل اور دیگر ضروری سامان جرمنی اور انگلستان سے پہنچ چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے کام خوب ہو رہا ہے۔

● اس سنٹر کے لئے لیبارٹری اور ایکسرے ٹیکنیشن مکرمی محمود احمد صاحب انجم بھی ۲۰ اگست کو میدان عمل میں پہنچ گئے ہیں۔ جرمنی اور انگلستان لیبارٹری کا ضروری سامان اور ایکسرے کی مشین بھی پہنچ گئی ہے جسے یہ خود سیٹ کر کے جلد کام شروع کرنے والے ہیں۔ وہاں کے لئے مزید ڈاکٹرز تیار بیٹھے ہیں۔ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالےٰ مدد کرے تا اگلے ماہ ہم آپ کو ان کے میدانِ عمل میں جانے کی خوشخبری سنا سکیں۔

● ۲۹ جون کو سیرالیون پہنچنے والے تیسرے ڈاکٹر سردار محمد حسن صاحب نے بھی ۲۰ جولائی کو نصرت جہاں احمدیہ کلینک روکوپر میں کام شروع کر دیا ہے اور روزانہ ۶۰، ۷۰ مریض آتے ہیں۔ فی الحال مقامی باشندوں کے اشتیاق پر یہ کلینک عارضی جگہ پر شروع کیا گیا ہے مستقل جگہ اور فرنیچر کا انتظام پارلیمنٹ ممبر مسٹر گھابے کر رہے ہیں۔ انشاء اللہ جلد ہی اس کا باقاعدہ افتتاح ہوگا۔

یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ جب ڈاکٹر صاحب روکوپر گئے تو مقامی جماعت اور اہالیانِ شہر نے اپنے رواج کے مطابق شہر سے دو میل باہر ناچ کے ساتھ ڈھول پیٹ کر بڑی خوشی کے ساتھ ڈاکٹر صاحب کا استقبال کیا اور جماعتِ احمدیہ کی خدمات کو سراہتے ہوئے ہر ممکن امداد کا یقین دلایا۔ چنانچہ گورنمنٹ سیرالیون نے اس کلینک کے اجراء کے ساتھ ہی معہ سامان اپنی ایک ڈسپنسری بھی ہمارے ڈاکٹر کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو عنقریب ہماری تحویل میں دے دی جائے گی۔ اس ملک کے لئے مزید ڈاکٹر تیاری میں مصروف ہیں اور ستمبر کے پہلے ہفتے انشاء اللہ منزلِ مقصود پر ہوں گے۔

● اس ملک کے لئے ایک اور ٹیچر بھی جلد وہاں پہنچنے کی تیاری کر رہے ہیں۔

● ڈاکٹر محمد اشرف صاحب ۲۲ جولائی کو نائیجیریا پہنچ گئے تھے اور اب اپنی رجسٹریشن کروانے میں مصروف ہیں۔ مزید تین ڈاکٹر پابہ رکاب ہیں جو شروع ستمبر میں میدانِ عمل میں ہوں گے۔ انشاء اللہ۔

● اِس ملک کے اہم مقام MINNA پر ۶ جولائی کو وہاں پہنچنے والے ہمارے دوسرے ٹیچر محمد یعقوب

خان صاحب کے ناصرالدین احمدیہ سیکنڈری سکول کا شاندار افتتاح ۸ جولائی کو پانچ ہزار افراد (جن میں ڈپٹی پرمانینٹ سیکرٹری اور ڈویژنل ایجوکیشن سیکرٹری منا بھی تھے) کے مجمع میں وہاں کے ایجوکیشن کمشنر نے کیا۔ اس موقعہ پر ایجوکیشن کمشنر نے دورانِ تقریر جماعتِ احمدیہ کی کوششوں کو سراہا اور اب تعلیمی منصوبہ میں ہر ممکن مدد و تعاون کا یقین دلایا۔ ان کے علاوہ گورنر آف سکوٹو نے احمدیہ سیکنڈری سکول گوساؤ کی طرح اس سکول کا بھی اپنی بجٹ تقریر میں اعلان فرماتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا اور عید میلاد النبیؐ کے موقعہ پر سکول کے طلبہ نے نہایت خوشکن مظاہرہ کیا۔

● اس ملک کے دو اور اہم مقامات Kambia اور Kaninda پر بھی ہمارے دو احمدیہ سیکنڈری سکول منظور ہو چکے ہیں ان کے لئے ٹیچر بھی تیار ہو رہے ہیں۔

● غانا میں ڈاکٹر سید غلام مجتبیٰ صاحب کا ASOKORE ہسپتال اللہ تعالیٰ کے فضل سے دن دوگنی رات چوگنی ترقی کر رہا ہے۔ پہلے اس میں ۲۰ بستروں کی جگہ تھی اب ۳۱ ڈاکٹروں کا انتظام ہو چکا ہے۔ روزانہ ۷۰، ۸۰ مریض آتے ہیں اور ہر ماہ ۱۶۰۰ اور ۱۷۰۰ کے درمیان کامیاب اپریشن کئے جا رہے ہیں۔

● SWEDRO میں ڈاکٹر آفتاب احمد صاحب کا قدم بھی اللہ میاں کے رحم و کرم سے بہت آگے بڑھ رہا ہے۔ ان کو ہسپتال میں کام شروع کئے ایک ماہ ہوا ہے اور اس عرصہ میں ساڑھے سات سو سے زائد مریضوں کا علاج کر چکے ہیں اور دس اپریشن بھی کئے گئے ہیں۔ ساٹھ ستر میل کے فاصلہ سے کثرت کے ساتھ مریض آ رہے ہیں اور وہ جو عرصہ دراز سے بیمار چلے آ رہے تھے اب اللہ میاں کے فضل سے صحتیاب ہو رہے ہیں۔ مریضوں کا معائنہ کرنے اور دوائی دینے کے لئے اکثر و بیشتر ڈاکٹر صاحب کو OVER WORK کرنا پڑتا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کی رپورٹ کے مطابق ۳ اگست کو پرانے اور نئے ملا کر ایک سو سے زائد مریض آئے جن کا معائنہ کر کے دوائی بھی خود ڈاکٹر صاحب نے دی۔ ان کا بہت بڑا ہسپتال رجسٹریشن روم۔ CONSULATION روم۔ ویٹنگ روم۔ ڈسپنسری۔ TREATMENT روم۔ اپریشن تھیٹر اور پانچ وارڈ پر مشتمل ہے۔ مزید توسیع کی کوشش کی جا رہی ہے۔ عیسائی پادری بھی اپنے علاج کے لئے یہاں آ رہے ہیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

● غانا میں وا (WA) کے مقام پر بھی ہمارا ہیلتھ سنٹر منظور ہو چکا ہے انشاء اللہ اس کے لئے بھی جلد ڈاکٹر پہنچ جائے گا۔

● اس ملک کے لئے محمد اشرف چوہدری صاحب ایم۔ ایس سی بھی روانہ ہونے والے ہیں امید ہے کہ رسالہ کے شائع ہونے تک میدانِ عمل میں ہوں گے۔ انشاء اللہ

● نصرت جہاں گرلز اکیڈیمی WA (غانا) میں نئے سال کے داخلہ کے لئے ۲۲۵ طالبات کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں انتخاب کے بعد نئی کلاسوں کا اجراء ہوگا۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال ۲۰۰ میں سے ۶۰ طالبات کو داخلہ دیا گیا تھا اور عربی۔ فرانسیسی۔ جنرل سائنس ہیلتھ سائنس۔ ہسٹری۔ جغرافیہ۔ آرٹ گرافٹ اور اسلامیات کے

(باقی صـ۱۲ پر)

ایک مطالبہ

حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے ۱۵ مارچ ۱۹۳۵ء کو خطبہ جمعہ میں فرمایا :-

Digitized by Khilafat Library Rabwah

"اللہ تعالیٰ موجودہ زمانہ میں ہم سے یہ چاہتا ہے کہ فانتشروا فی الارض ہم باہر جائیں اور زمین پر پھیل کر تبلیغِ احمدیت کریں۔ اس میں شُبہ نہیں کہ یہ ایک ایسی بات ہے جس میں موت نظر آتی ہے اور اسی لئے موت کو ہلکا کرنے کے لئے ہم نے کہا ہے کہ ہم غیر ممالک میں جانے والوں میں سے بعض کو کرایہ دے دیں گے یا چھ چھ ماہ وہاں رہنے کا خرچ دیدیں گے یہ تمام باتیں موت کو ہلکا کرنے والی ہیں۔ کیونکہ جسے اُمید ہو کہ باہر جانے کے لئے کرایہ مِل جائے گا اور اُمید ہو کہ وہاں کچھ عرصہ رہنے کے لئے خرچ بھی مِل جائے گا وہ کسی قدر اپنی موت سے بے خبر ہو جاتا ہے لیکن اصل قربانی انہیں لوگوں کی ہے جو موت کے مُنہ میں اپنے آپکو ڈال دیتے اور یہ سمجھ لیتے ہیں کہ جب فقیر دُنیا میں بھیک مانگتے ہیں تو ہم بھی بھیک مانگ کر اپنا گزارہ کر لیں گے یا مزدور مزدوری کر کے اپنا پیٹ پالتے ہیں تو ہم بھی مزدوری کر کے اپنا پیٹ پال لیں گے۔ پھر اگر مرنا ہے تو یہاں بھی مرنا ہے اور وہاں بھی مرنا ہے پھر کیوں ایسی جگہ نہ مریں جہاں کہ خدا تعالیٰ کی رضا حاصل ہو۔ یہ نوجوانوں کا کام ہے کہ وہ نکلیں اور تلاش کریں کہ کونسا ملک ہمارے لئے مدینہ کا مثیل ثابت ہوتا ہے۔"

اِس سلسلہ میں ان نوجوانوں کو جو ملک سے باہر گئے ہوئے ہیں اب یہ بات یاد دلانے کی ضرورت ہے کہ کام چاہے وہ کوئی کر رہے ہوں انہیں یہ بات ہرگز نہ بھولنی چاہیئے کہ ان کا باہر جانے کا اصل مقصد اسلام کی سربلندی تھا۔ حضور رضی اللہ عنہ نے اِس لئے بیرونی ممالک میں جانے پر زور دیا تھا تا کہ دُنیا کے ہر ملک میں تبلیغِ اسلام کا کام شروع ہو سکے اور دُنیا اسلام کی تعلیم کو اپنا کر اور اس پر عمل کر کے امن اور چین کی زندگی گزار سکے ـــــ آپ جہاں کہیں بھی ہیں اسلامی تعلیم کا نمونہ بن کر رہیں اور اسلام کی تبلیغ کو اپنا مقصدِ اوّلین سمجھ کر یہ فریضہ ادا کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ آپکو اِس کارِ خیر کی توفیق دے۔ آمین ؂

اداریہ (بقیہ صفحہ ۳)

اسلام کو بھولنا ہے۔"

اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے کہ ہم ان تمام باتوں کو ہمیشہ مدِّ نظر رکھیں اور ان سے استفادہ کرنے میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھیں۔

اٰمین

وقت کی پکار

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ایک انگریزی ماہنامہ میں اداریہ کا عنوان ہے "وقت کس کا ساتھی ہے" اور کیا ہی اچھا عنوان ہے یہ۔ واقعی وقت کس کا ساتھی۔ وقت آتا ہے اور گزر جاتا ہے ٹھہرائے ٹھہر نہیں سکتا اور روکے رُک نہیں سکتا۔ اگر ہم چاہیں کہ کوئی خاص وقت نہ آئے تو ہم اس پر قادر نہیں ہو سکتے۔ اور اگر کوئی آیا ہوا وقت ہم چاہیں کہ تھوڑی دیر تو اور ہمارے ساتھ ٹھہرے تو ایسا بھی ہم نہیں کر سکتے۔ سچ بات ہے وقت کس کا ساتھی ہے یعنی کسی کا بھی ساتھی نہیں۔ لیکن اس کا یہ بھی مطلب نہیں کہ وقت کسی کا دشمن ہے۔ ہرگز نہیں۔ وقت تو ایک موقعہ فراہم کرنے کے لئے آتا ہے جو اس موقعہ سے فائدہ اُٹھا لے وہ فائدہ ہی فائدہ میں ہے اور جو وقت کے فراہم کردہ موقعہ سے فائدہ نہ اُٹھائے وہ گھاٹے میں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں کیا خوب فرمایا ہے والعصر ان الانسان لفی خسر الّا الذین اٰمنوا وعملوا الصّٰلحٰت ۔ انسان واقعی وقت کے لحاظ سے گھاٹے میں رہے اگر اس کے فراہم کردہ موقع سے فائدہ اٹھا کر اپنی زندگی کو سنوار نہ لے۔ موقع سے فائدہ اُٹھانے ہی کو قرآن کریم نے وضاحت کے ساتھ اس رنگ میں بیان فرمایا ہے کہ انسان ایمان لائے۔ اپنے خیالات درست کرے اور پھر اپنے اعمال کو حسبِ حال اور مناسب موقع بنائے۔ جو ایسا کرتے ہیں وہی فائدہ میں رہتے ہیں۔

وقت کس کا ساتھی ہے۔ صرف اس شخص کا جو اس کے فراہم کردہ موقع سے فائدہ اُٹھاتا ہے اور حسب حال اور مناسب موقع اعمال بجا لاتا ہے۔ خدا کرے کہ ہم ان لوگوں میں شمار ہو سکیں وقت جن کا ساتھی بن جاتا ہے۔ اور جنہیں کسی وقت کے گزرنے کا اس لئے غم نہیں ہوتا کہ انہوں نے وقت سے پورا پورا فائدہ اُٹھا کر اپنے ربّ کو راضی کرنے کی اپنی سی کوشش کر لی ہوتی ہے۔

کاروانِ اسلام (بقیہ)

مضامین پڑھائے گئے۔

● اسی طرح احمدیہ سیکنڈری سکول فومینہ (غانا) بھی نئے سال کے لئے نئی کلاسوں کے اجراء کی سعی میں مصروف ہیں۔

● لائبیریا کی حکومت نے احمدیہ مسلم مشن کو سکول اور ہیلتھ سنٹر کے لئے ۱۵۰ ایکڑ زمین دے دی ہے اور اب ہیلتھ سنٹر اور سکول جلد کھولنے کے انتظامات کئے جا رہے ہیں۔

قارئین کرام دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مدد فرمائے تا اس ملک میں بھی سکول اور ہسپتال جلد جاری کر دئے جائیں۔

عبدالرشید تبسّم ایم۔اے

گدازِ دل

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مُجھ کو تُو جامِ جم دے کہ جامِ سفال دے
اس میں مئے چہاردہ صد سالہ ڈال دے

اِک خُم میں وہ بھی ہے مرے پیرِ مغاں کے پاس
اِک گھونٹ جس کا چودہ طبق کو اُچھال دے

ساقی! ستارے گھولے تھے کل میرے جام میں
آج اِس میں کوئی مہ، کوئی خورشید ڈال دے

سب کائنات، ساقیا! اَب بن چکی شراب
اِس کُرّۂ زمیں کو بھی اس میں کھنگال دے

ہر قریہ، ہر نگر ہے وہی شکوۂ فراق
اے حُسن! اَب تو عام اک اذنِ وصال دے

غوّاص جتنے اُترے تھے اُبھرے خذف بدست
اے بحر! اَب تُو آپ ہی گوہر اُچھال دے

مَیں نے کبھی نہ مانگا تھا تجھ سے گدازِ دل
دولت اگر یہ دی ہے تو اَب لازوال دے

مانوس مَیں نہیں ہُوں تیرے مہر و ماہ سے
مُجھ کو نئے نجوم، نئے ماہ و سال دے

مُمکن نہیں ہے وقت کی تقسیم عشق میں
دل بے نیازِ ماضی و فردا و حال دے

وعدہ رہا کہ اب کے نہ بہکوں گا خُلد میں
اِبلیس بھی وہاں ہو یا اس کو نکال دے

اِس عصر کو، مسیحا! فقط ایک مُعجزہ
ہر دِل کو انقلاب کے سانچے میں ڈھال دے

آخر تبسّم! اُس کی گلی میں ہُوا مکیں
ممکن نہیں وہ حیلے سے اَب اس کو ٹال دے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سکوتِ مسلسل

کُھل نہ سکے جب دِل کا دریچہ رُوح کے دَر کو کھولے کون
برسوں سے جو بند پڑا ہے اُس گھر میں سے بولے کون

فن کو کیوں بازار میں لائے اس کا بھاؤ کون چُکائے
سب بیوپاری لَوٹ گئے ہیں جِنس تمہاری تولے کون

کِس نے مُجھ سا درد سہا ہے کِس نے دِل کو خُون کیا ہے
ٹپ ٹپ آنکھوں سے گِرتے اشکوں کے موتی رولے کون

تیری منزل چاند ستارے، تیرے ثابت اور سیّارے
مُیں بھٹکا بھٹکا سارا ہی ساتھ مرے اَب ہولے کون

جن سے ہے دِل پر گلکاری جو ہیں باعثِ رحمتِ باری
اُن داغوں کے صدقے جائیں اُن داغوں کو دھولے کون

ملنے کو تو جام مِلا ہے جینے کا پیغام مِلا ہے
اَپنوں میں سے اَب دیکھیں گے زہرِ ہلاہل گھولے کون

کون کہے کیوں اور کیسے ہیں اِس دُنیا کے صُبح و شام
ہر شَے کی ہے اپنی فِطرت اس کی گِرہیں کھولے کون

خاموشی کی سائیں سائیں دِل کے ٹکڑے مُنہ کو آئیں
تم ہو نسیم اور آہ و زاری، تم جاگو تو سولے کون

نسیم سیفی

تنزانیہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

(مکرم مولوی عبد الباسط صاحب شاہد)

آزاد تنزانیہ کے بانی و صدر جولیس نائریرے نے آزادی کی جدّ وجہد کا آغاز جولائی ۱۹۵۴ء میں کیا تھا۔ ملک کی برسرِ اقتدار پارٹی ۔ جو واحد سیاسی پارٹی ہے ۔ اس تاریخ کو معرضِ وجود میں آئی۔ اس مناسبت سے جولائی کے پہلے ہفتہ میں جشنِ آزادی منایا جاتا ہے۔ ہماری جماعت جسے کم و بیش نصف صدی سے اِس ملک میں دینی و علمی خدمات بجا لانے کی توفیق مل رہی ہے اِس جشنِ آزادی کے موقعہ سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے تبلیغ و فروخت لٹریچر کا پروگرام بناتی اور اپنے رنگ میں آزادی کی تقریبات میں شامل ہوتی ہے اِس سال اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس موقعہ پر ایک مفید اور دُور رس اثرات کی حامل سکیم شروع کی گئی ہے یعنی چھ ماہ کے مختصر عرصہ کے لئے تنزانیہ بھر کے منتخب احمدی نوجوانوں کو یہاں مورو گورو میں تعلیم دی جائے اور ساتھ ساتھ عملی ٹریننگ و تربیت بھی دی جائے تا یہ نوجوان ملک بھر میں تبلیغِ اسلام اور تعلیم و تربیت کے کام کو وسیع کرنے کا باعث ہوں۔

ماہِ احسان (جون) میں اس کلاس کے متعلق اعلان کیا گیا تھا۔ عام ملکی حالات اور جماعت کی مالی حیثیت کے پیشِ نظر خیال یہ تھا کہ اگر پانچ چھ طالب علم بھی مِل جائیں تو بہت غنیمت ہے۔ مکرم مولانا محمد منور صاحب مبلّغ انچارج تنزانیہ نے اس کلاس کے متعلق اعلان کرنے کے ساتھ ہی حضور ایدہ اللہ کی خدمت میں دعا کی درخواست بھجوائی کہ اللہ تعالیٰ اس سکیم کو ہر لحاظ سے مفید و بابرکت فرمائے جماعت میں بھی دعا کا اعلان کیا گیا۔ احسان کے آخر سے طالب علم آنے شروع ہو گئے اور وفا کے وسط تک خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے ان مخلص نوجوانوں کی تعداد اٹھارہ تک پہنچ گئی۔ ان طلبہ کی علمی قابلیت تو مختلف ہے لیکن خدمتِ دین کے جذبہ سے برابر سرشار ہیں۔

مکرم مولانا محمد منور صاحب اس کلاس کا باقاعدہ افتتاح کرنے کے لئے اور طالب علموں کے تفصیلی کوائف معلوم کرنے اور ان سے ملاقات کے لئے اس ماہ کے شروع میں یہاں تشریف لائے۔ چھ ظہور کو آپ نے جمعہ کا خطبہ دیا جس میں قریبی دیہات کے احمدی بھی شریک ہوئے۔ جمعہ سے قبل آپ نے ایک سکول کی سینئر کلاسوں کے طالب علموں سے خطاب فرمایا اور بعد میں ان کے سوالوں کے تسلّی بخش جواب دیئے۔

ہفتہ کے روز بعد نماز عصر تلاوت قرآن کریم

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اور نظم خوانی کے بعد ایک طالب علم نے مکرم مولانا صاحب کی خدمت میں استقبالیہ پیش کیا جس میں جماعت کی علمی خدمات کو سراہتے ہوئے دینی تعلیم کے حصول کے اس موقعہ پر خوشی و مسرّت کا اظہار کیا۔ مکرم مولانا صاحب نے سورہ حجرات کی تلاوت و تفسیر بیان کرنے کے بعد خدا تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعاؤں سے اس کلاس کے باقاعدہ آغاز کا اعلان کیا۔ درس قرآن مجید میں آپ نے بڑے مؤثر رنگ میں متعدد تربیتی اُمور بیان کئے۔

اتوار کو ہمارے ریجن کی جماعت کا جلسہ سالانہ تھا۔ یہ جلسہ مکرم مولانا محمد منور صاحب کی زیرِ صدارت ساڑھے نو بجے سے بارہ بجے تک جاری رہا۔ اِس جلسہ میں مکرم چوہدری افتخار احمد صاحب ایاز، مکرم چوہدری رشید احمد صاحب سرور، مکرم مصطفےٰ سویدی صاحب پریذیڈنٹ جماعتِ احمدیہ کلوسہ، خاکسار اور مکرم مولانا صاحب موصوف نے خطاب کیا۔

ہفتہ کے روز شام کو جماعت موروگورو کی طرف سے مکرم مولانا سرور صاحب کو جو عنقریب ٹبورا تشریف لیجا رہے ہیں الوداعی پارٹی دی گئی۔ اس تقریب میں جماعت کی طرف سے مکرم ایاز صاحب نے نیز طالب علموں کے ایک نمائندہ اور خاکسار نے آپکو الوداع کہا۔ مکرم مولانا سرور صاحب نے اپنے مختصر قیام میں ایک اَن تھک مبلّغِ اسلام کے لحاظ سے بہت عمدہ نمونہ پیش کیا۔ احبابِ جماعت اور خاکسار انکی قیمتی خدمات کو کبھی فراموش نہ کر سکیں گے۔

یہاں یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ اس سارے پروگرام کے دَوران طلباء نے اپنی کہی ہوئی نظمیں پڑھ کر اپنے اخلاص اور دینی تعلیم کے حصول کے جذبہ و شوق کا بہت اچھا مظاہرہ کیا۔

مکرم مولانا محمد منور صاحب نے قریباً ہر نماز کے بعد نہایت اہم اُمور کی طرف بڑے دلنشین انداز میں توجہ دلائی۔ اور یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ آپ کا تین روزہ قیام مسلسل درس و تدریس اور وعظ و نصیحت میں ہی گزرا۔ تمام احبابِ جماعت نے بالعموم اور طلباء نے بالخصوص آپ کی آمد و ملاقات اور نصائح سے بڑی دلچسپی سے استفادہ کیا۔ فجزاہ اللہ تعالیٰ احسن الجزاء۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس تعلیمی سکیم کو ہر لحاظ سے مفید و نتیجہ خیز فرماوے۔ آمین ؂

اِن ڈیفنس آف پاکستان

(انگریزی)

ایک مبلّغِ اسلام کی پاکستان کے استحکام کیلئے بیرونی ممالک میں مساعی۔

خود بھی پڑھیں اور دوستوں کو بھی پڑھائیں۔

پچاس پیسے کے ٹکٹ بھیج کر مینیجنگ ایڈیٹر تحریکِ جدید سے حاصل کریں ؂

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ——— نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

Digitized by Khilafat Library Rabwah

(تیری عاجزانہ راہیں پسند آئیں)

خُدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھُوَالنَّاصِر

فون فیکٹری ——— ۲۹۴۶
〃 دُکان ——— ۲۴۸۳

فون آفس ——— ۴۲۶۱
〃 رہائش ——— ۲۳۵۴

★ ہم اپنے کرم فرماؤں سے گزارش کرتے ہیں کہ پارچہ جات خریدتے وقت سفینہؔ پرنٹنگ کے پارچہ جات طلب فرمائیں۔

★ سفینہؔ پرنٹنگ کے پارچہ جات واقعی دلفریب ہیں جو رنگوں میں جاذبِ نظر اور ڈیزائننگ میں لاجواب ہیں۔

سفینہؔ

پرنٹنگ اینڈ ڈائینگ ورکس

مقبول روڈ لائلپور

برانچ آفس:۔ عبداللہ کلاتھ ہاؤس ریل بازار لائلپور

مبلّغینِ کرام سے

ایک ضروری گزارش

ماہنامہ تحریکِ جدید آپ کی کارگزاری کو ہر خاص و عام تک پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے۔

آپ سے گزارش ہے کہ مہربانی فرما کر ہر ماہ ایک نوٹ کسی ایسے واقعہ کے متعلق جسے آپ ماہِ رواں کا سب سے زیادہ اہم واقعہ سمجھتے ہوں ارسال فرما دیا کریں ہم اور ہمارے قارئین آپ کے ممنون ہوں گے۔

(ایڈیٹر)

ھوالشّافی خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ ھوالنّاصر

روگ کا سوگ نہ کر!

دَمہ کا علاج صرف ایک ہی دن میں

دَمہ۔ بلغمی کھانسی کی دوا ۴ر اکتوبر ۱۹۷۱ء

بروز سوموار کو کھلائی جائے گی۔

خواہشمند حضرات ھدایات طلب کریں۔

ماہر معالج امراض دَمہ بلغمی کھانسی وغیرہ خادمِ خلق

ڈاکٹر نثار احمد بنگوی

غلام محمد آباد شاہی چوک محلہ دارالفضل ۱۳۵۶/D

شہر لائل پور

تحریکِ جدید کے ذریعہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

احمدیّت اکنافِ عالم میں پہنچی

اور احمدیت کے طفیل

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کے مبارک نسخہ جات

شرک و غرق تک پہنچے

بہ توفیقِ الٰہی یہ سعادت ہم نے ہی پائی کہ مسیحاءِ زمانہ کے خلیفۂ اوّلؓ کے علم و حکمت سے دُنیا کی دُکھی مخلوق کی خدمت کر سکے۔

ایں سعادت بزورِ بازو نیست

تا نہ بخشد خُدائے بخشندہ

سنہ ۱۹۱۱ء سے آپ سب کی خدمت میں حاضر

حکیم نظام جان اینڈ سنز

گوجرانوالہ ربوہ

روزنامہ الفضل ربوہ

ہمارا آپ کا اور سب کا اخبار

اس میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تحریرات کے اقتباسات، حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے رُوح پرور خطبات، علماءِ سلسلہ کے اہم مضامین، بیرونی ملکوں میں جماعت کی تبلیغی مساعی کی تفاصیل اور اہم ملکی اور عالمی خبریں شائع ہوتی ہیں۔ آپ خود بھی یہ اخبار پڑھیں اور دوسروں کو بھی مطالعہ کے لئے دیں۔ اِس کی توسیع اشاعت آپ کا جماعتی فرض ہے۔

(مینجر)

تبلیغی رسالہ الفرقان ربوہ

ماہنامہ

ضرور خریدیں

حضرت مرزا البشیر احمد صاحب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:۔

"رسالہ الفرقان بہت عمدہ اور قابلِ قدر رسالہ ہے اور اِس قابل ہے کہ اس کی اشاعت زیادہ سے زیادہ وسیع ہو کیونکہ اس میں تحقیقی اور علمی مضامین چھپتے ہیں اور قرآن کے فضائل اور محاسن پر بہت اچھے پیرایہ میں بحث کی جاتی ہے۔"

سالانہ چندہ ۷/- روپے　　(مینجر الفرقان ربوہ)

مفید اور مؤثر دوائیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نورِ کاجل

ربوہ کا مشہور عالم تحفہ

آنکھوں کی خوبصورتی، صحت اور تندرستی کے لئے مفید ترین جڑی بوٹیوں کا جوہر، آنکھوں کی بہت سی بیماریوں کا علاج ہے۔ بچوں، عورتوں اور مردوں سب کے لئے مفید۔

قیمت فی شیشی سوا روپیہ

تریاقِ اٹھرا

اسقاطِ حمل، بچوں کا پیدا ہو کر فوت ہو جانا یا کمزور رہنے کے لئے مفید عام گولیاں۔

قیمت مکمل کورس پندرہ روپے

نورِ نظر

اولادِ نرینہ کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضؓ کی بہترین تجویز۔ قیمت مکمل کورس پچیس ۲۵ روپے۔

سُرمہ خورشید

دُھند، غبار، خارش، کُکرے، موتیا بند اور دیگر امراضِ چشم کے لئے اکسیر اور لاجواب۔ قیمت ۷۵ پیسے

خورشید یونانی دواخانہ رجسٹرڈ ربوہ۔ فون ۳۸

اچھوتے اور بے مثل ڈیزائنوں میں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بیاہ شادی کیلئے

جڑاؤ و سادہ سیٹ

چاندی کے خوشنما برتن، ٹی سیٹ وغیرہ

فرحت علی جیولرز

کمرشل بلڈنگ شاہراہِ قائدِ اعظم لاہور۔ فون ۵۲۶۲۳

سرزمینِ قادیان کا اوّلین دواخانہ

جسے سنہ ۱۹۱۱ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ نے اپنے مبارک ہاتھوں قائم فرمایا

دوائی خاص زنانہ امراض کا واحد علاج دواء ونس کی قیمت چھ روپے	قدیمی ۔۔۔ اوّلین ۔۔۔ شہرۂ آفاق حبِّ اٹھرا رجسٹرڈ مکمل کورس بیس روپے	زوجامِ عشق طاقت کی لاثانی دوا قیمت ۶۰ گولی سولہ روپے
حبِّ مفید النساء باقاعدگی کا بہترین علاج پانچ روپے	ہمارا اصول ● صاف ستھرے اجزاء ● دیانتدارانہ دواسازی ● عمدہ پیکنگ ● غریبانہ قیمت ● مخلصانہ مشورہ اور اِسی اصول کے تحت ۱۹۱۱ء سے آپ کی خدمت کرتے چلے آرہے ہیں!	نرینہ اولاد گولیاں انعامِ خداوندی قیمت فی کورس پندرہ روپے
حبِّ مسان سوکھے کی مجرب دوا تین روپے	حکیم نظام جہان اینڈ سنز چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ بالمقابل ایوانِ محمود ربوہ	معین الصحت ملی بھس، خرابی جگر اور یرقان کا علاج پانچ روپے